بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

نمبر: ---------سی سی/اے سی سی مورخہ: ---------

عنوان: **امتحان میں شمولیت کی غرض سے معذوری کی بناء پر رائٹر کیلئے درخواست دینے کا معاملہ۔**

السلام علیکم!

آپ کو بذریعہ مراسلہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ امتحان ---------------------- میں شمولیت کی غرض سے معذوری کی بناء پر رائٹر کے حصول کیلئے دفتری قواعد وضوابط کے مطابق درج ذیل دستاویزات مکمل کر کے کنٹرولر امتحانات کو درخواست دیں تا کہ امتحان کے انعقاد سے قبل اس کی منظوری حاصل کر لی جائے۔

(1) ریگولر امیدوار کی صورت میں اُسی ادارہ کے سربراہ سے تصدیق شدہ کاغذات ہونے چاہیے۔

(2) پرائیویٹ امیدوار کی صورت میں ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس سے تصدیق شدہ کاغذات کے ساتھ مصدقہ رولنمبر سلپ کی کاپی بھی لف کریں۔

(3) رائٹر اور امیدوار خود بورڈ دفتر میں حاضر ہوں۔

(4) رائٹر گورنمنٹ یا گوجرانوالہ بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ کا ریگولر طالب علم ہو نیز رائٹر کی تعلیم امیدوار سے کم ہو جس کا سرٹیفکیٹ (Certificate) سربراہ ادارہ کا جاری کردہ ہو۔
   (i) امتحان سیکنڈری سکول کی صورت میں رائٹر کلاس ہشتم یا اس سے کم تعلیم کا طالب علم ہو۔
   (ii) امتحان انٹرمیڈیٹ کی صورت میں رائٹر کلاس دہم یا اس سے کم تعلیم کا طالب علم ہو۔

(5) امیدوار اور رائٹر دونوں ایک ہی ادارے کے طالب علم نہ ہوں۔

(6) رائٹر کی دو عدد تصاویر (ایک تصویر ادارے کے سربراہ سے لیٹر پیڈ یا رائٹر سرٹیفکیٹ پر چسپاں کر کے کراس تصدیق کرائیں) جبکہ دوسری تصویر پشت سے تصدیق کرائیں۔

(7) مستقل معذوری کا میڈیکل سرٹیفکیٹ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (گورنمنٹ آف پنجاب) کا جاری شدہ ہونا چاہیئے۔

سپرنٹنڈنٹ کنڈکٹ کانفیڈینشل
برائے اسسٹنٹ کنٹرولر (کنڈکٹ)
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ
فون نمبر: 055-9200750